سوال

حدیث مبارکہ پڑھنا، یاد کرنا

جواب

سوال : السلام علیکم حدیث مبارکہ پڑھنا، یاد کرنا، اور اس پر عمل کرنے کا کیا ثواب ہے؟ اور کیا حالت جنابت میں کتب ستہ اور دیگر احادیث کی کتابوں کو چھو سکتے ہیں یا پڑھ سکتے ہیں؟

جواب : اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

21- نضر اللہ عبدا سمع مقالتی فحفظھا ووعاھا، وبلغھا من لم یسمعھا۔۔۔۔۔۔۔

الراوي : جبير بن مطعم المحدث : الألباني - المصدر : صحيح الترغيب - الصفحة أو الرقم : 92

خلاصة حكم المحدث : صحيح لغيره

اللہ تعالی اس شخص کو سر سبز و شاداب رکھے جس نے میری کوئی حدیث سنی، اس کو یاد کیا اور یاد رکھا اور اس تک پہنچایا کہ جس نے اس کو نہ سنا تھا

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث